بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

8

وظائف میں پابندی اور لگن کی برکتیں

جو چاہتے ہیں کہ اُن پر خدا کا خاص کرم ہو تو وہ ان وظائف کو دل، نیت، شوق، لگن اور بغیر ناغہ کے پڑھیں۔ حدیث شریف کے مفہوم میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کو وہ عمل پسند ہے جس میں ناغہ نہ ہو۔ جو اللہ تعالیٰ اور رسول پاک ﷺ سے وفا کریں گے، اپنے تمام معاملات میں معجزات دیکھیں گے (انشاء اللہ) دنیا آخرت میں نبی کریم ﷺ کی ضمانت کفالت میں رہیں گے۔ عشق رسول ﷺ کی بہت تیزی ہوگی۔ رزق بارش کی طرح برسے گا، ناممکن مشکلات بھی انشاء اللہ حل ہو جائیں گی۔

اٰیۃُ الْکُرْسِی

3 مرتبہ کم از کم اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ
پھر بتدریج اضافہ کریں 7 مرتبہ، 17 مرتبہ، صُبح شام 17 سے 70 تک کرلیں

اَللّٰہ

100 مرتبہ کم از کم پھر بتدریج اضافہ کر کے 500 سے 1000 تک کرلیں

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

100 مرتبہ کم از کم پھر بتدریج اضافہ کر کے 500 سے 1000 تک کرلیں

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

100 مرتبہ کم از کم پھر بتدریج اضافہ کر کے 500 سے 1000 تک کرلیں
پھر جب بھی وقت ملے چلتے پھرتے پڑھتے رہیں

اَسْتَغْفِرُاللّٰہ

100 مرتبہ کم از کم پھر بتدریج اضافہ کر کے 500 سے 1000 تک کرلیں

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ وَّنَفَسٍ عَدَدَ مَا وَسِعَہٗ عِلْمُ اللّٰہِ

10 مرتبہ کم از کم۔ اضافہ کریں تو 25، 50، 100، سے 313 تک کر لیں

دُعائے تعلّق

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ سَیِّدَنَا مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رُوْحًا لِّذَاتِیْ وَاجْعَلْنِیْ

عَلٰی غَایَۃِ الثُّبَاتِ وَالتَّمْکِیْنِ وَاَنْ

تُقَوِّیَنِیْ یَا اِلٰھِیْ بِالْقُوَّۃِ الَّتِیْ لَا یَخْتَلُّ

لِیْ مَعَھَا نِظَامُ تَرْکِیْبِ بَدَنٍ وَّلَا عَقْلٍ

11 مرتبہ کم از کم۔ اضافہ کریں تو 25، 50، 100، سے 313 تک کر لیں

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

100 مرتبہ بعد نماز فجر اور 100 مرتبہ بعد نماز مغرب

وسوسوں سے بچنے کی دُعا

يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بِجَاهِ
وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبِحَقِّ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكَ خَلِّصْ
مِنَ الْفِتَنِ سِرِّيْ وَقِنِيْ شَرَّ وَسَاوِسِ
الشَّيْطٰنِ وَاَجِرْنِيْ مِنْهُ يَا رَحْمٰنُ حَتّٰى
لَا يَكُوْنَ لَهٗ عَلَيَّ سُلْطَانٌ

3 مرتبہ کم از کم۔ اضافہ کریں تو صبح 3 مرتبہ شام 3 مرتبہ مزید اضافہ کریں تو ہر نماز کے بعد 3 مرتبہ اور جس وقت وسوسے آئیں اس وقت بھی اس دُعا کو اور آیۃ الکرسی کو پڑھیں چاہے پہلے پڑھ چکے ہیں وسوسوں کے وقت ان کو بغیر تعداد کے پڑھیں حتی کہ وسوسے دور ہو جائیں۔

اٰیَۃُ الْکُرْسِیِّ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا
نَوْمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ
یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا
خَلْفَھُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ
وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا
وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

خاص ہدایات

1۔ تمام وظائف شروع کرنے سے پہلے اور تعداد مکمل کرنے کے بعد درود شریف پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

2۔ وظائف کا وقت ایک مغرب کی اذان سے دوسری مغرب کی اذان تک ہے۔

3۔ ہمیشہ وظائف کی کم از کم تعداد جو دائرے میں ہے پہلے پڑھیں تاکہ وظائف میں ناغہ نہ ہو اگر اضافہ کریں تو وہ تعداد مقرر کریں جو روزانہ پڑھ سکیں۔

4۔ بہتر ہے کہ وظائف رات کو مکمل کرلیں تاکہ دن میں درود شریف کی کثرت ہو سکے۔

5۔ وظائف کی ترتیب آگے پیچھے کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں اور وظائف زبانی یاد ہونے پر بغیر وضو بھی پڑھ سکتے ہیں۔

6۔ جن کی عمر 17 سال یا اس سے کم ہو وہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ 500 مرتبہ سے زیادہ نہ پڑھیں۔

7۔ خواتین اپنے خاص ایام میں فقط درود شریف پڑھیں اور وہ بھی دل میں پڑھیں تو اچھا ہے۔

381 - اے ، شاہ رکن عالم کالونی ، ملتان
فون: 061-4552472, 061-6562400